Barbra Schlifer Commemorative Clinic
Freedom From Violence.

اونٹاریو ٹربیونل برائے انسانی حقوق (ایچ آر ٹی او) پوسٹر

جائے روزگار پر جنسی ہراسانی سے بچ جانے والوں کے لئے حمایت کا قانونی راستہ

1 اہم دفعات



اونٹاریو کا ضابطہ برائے انسانی حقوق ایک صوبائی قانون ہے جسکے تحت ہر انسان کو بِلا امتیاز برابر کے حقوق و مواقع حاصل ہیں۔ ضابطے کا مقصد امتیازیت اور ہراسانی سے بچاؤ ہے-

اِس ضابطے کے تحت، ایچ آر ٹی او
فیصلہ کرتا ہے اگر کسی شخص کے انسانی حقوق پامال ہوئے ہیں،
افراد کی جانب سے، یا کسی دوسرے فرد کی جانب سے دائر کی گئی، درخواستوں کو حل کرنے کا ذمہ دار ہے، جو امتیازی سلوک یا ہراسانی کے دعویٰ دار ہوں،
انسانی حقوق کے مقدمات میں درپیش قانونی تنازعات کا فیصلے کرتا ہے ۔

2 فوائد

ایچ آر ٹی او درخواست کی سماعت مکمل ہونے سے پہلے عبوری حل پیش کر سکتا ہے-
افراد ذاتی طور پر بھی ایچ آر ٹی او کو شکایت درج کر سکتے ہیں اور درخواست دہندگان کو وکیل یا پولیس پر انحصار کرنے کی ضرورت نہیں۔
ہرممکنہ دعویٰ دار فرد کو موقع حاصل ہے کہ وہ مفت انسانی حقوق کے قانونی حمایتی سینٹر سے مفت قانونی امداد حاصل کر سکے۔
انسانی حقوق کے عمل کے دوران، تکلیف سےبچ جانے والا کیس کے طرز عمل پر اہم اختیار رکھتا ہے۔
تکلیف سےبچ جانے والا ٹربیونل سے درخواست کر سکتا ہے کہ فیصلے کے دوران اسکا نام اور کوئی اور شناختی معلومات کو گمنام رکھیں۔
فوجداری عدالت کے برعکس یہاں بارثبوت حاصل کرنا کم درجہ اور آسان ہے۔
ٹربیونل سپروائزر/ ملازم کے رشتے کی برتری کے عدم توازن اور اس سے جڑے خطرے سے بھی بخوبی واقف ہے ۔ لہذا، ہراسانی پر احتجاج یا اعتراض کی موجودگی ہراسانی ثابت کرنے کے لیے لازم نہیں۔

3 حدود



درخواست دہندگان کی درخواستیں امتیازیت کے سلوک کی تاریخ کے سال کے اندر ہی دائر ہو جانی چاہیئے، اور اگر سلسلہ وار واقعات پیش آتے رہے ہوں تو اس صورت میں آخری واقعے کے پیش آنے کے سال کے اندر ۔
ایچ آر ٹی اوایسی تنظیموں یا سرگرمیوں کی درخواستوں کی سماعت نہیں کر سکتا جو وفاقی دائرہ کار کے ضمن میں آتی ہوں۔
ایچ آر ٹی اوصرف ایسی درخواستوں کے فیصلے کا اختیار رکھتا ہےجو اِن پانچ سماجی علاقوں میں سے ایک یا اُس سے زائد سے تعلق رکھتی ہوں: خدمات، اشیاء اور سہولیات، رہائش، معاہدے، ملازمت اور پیشہ ورانہ انجمنیں۔

4 ادراک

مالی معاوضہ: ایچ آر ٹی او اس رقم کا جو امتیازیت اور ہراسانی کی بناءپر درخواست دہندہ کی خرچ یا گم ہو گئی ہو، یا تجربہ، اور وقار، احساسات اور ذاتی قدرو قیمت کو جو ٹھیس پہنچی ہو، کے معاوضے کی ادائیگی کا حکم صادر کر سکتا ہے-
غیر مالیاتی ادراک: ایچ آر ٹی او ایک جواب دہندہ کو ایسا بھی کرنے کا حکم صادر کر سکتا ہے کہ آپ کو ایسے عہدہ پر رکھے کہ اگر آپکے ساتھ ہراسانی اور امتیازیت درپیش نہ آئی ہوتی تو آپ اُسی عہدے پر فائز ہوتے۔
مفاد عامہ کا ادراک: ایچ آر ٹی او کسی بھی اطراف کو حکم صادرکر سکتا ہے کہ ضابطے کی تعمیل کو فروغ دیا جائے، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ لوگوں پر تعلیمی طرز کی اثراندازی ہو۔



Canada
Department of Justice Canada
Ministère de la Justice Canada